سوال

(810)عدت کے دوران امتحان دینے جانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جو عورت ایام عدت میں ہو، اس کے لیے امتحان دینے کے لیے جانا کیسا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایک عورت نے سوال کیا ہے کہ اس کا امتحان کے لیے گھر سے باہر جانا، اس طرح کہ اس کا بھائی اسے اپنی گاڑی میں لے جائے گا اور واپس لے کر آئے گا اور امتحان گاہ میں صرف عورتیں ہی ہوں گی، اور عورت شرعی لباس میں جائے گی، تو یہ صورت جو بیان کی گئی ہے اس میں ظاہر یہی ہے کہ وہ جا سکتی ہے۔ اور چاہیئے کہ وہ عدت کی شرائط اور سادہ لباس کی پابندی کرے اور مردوں سے مختلط نہ ہو۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 576

محدث فتویٰ